دار العلوم کے شب و روز ______ جناب شفیق الدین فاروقی

فرانسیسی سفارت کار کی دار العلوم تشریف آوری : گزشتہ دنوں فرنچ ایمبیسی کے کونسلر جناب مسٹر ڈانیل رچ (Daniel Rich) سفارت خانے کے عملے کے بعض ارکان سمیت دار العلوم حقانیہ کے ایک روزہ دورے پر تشریف لائے۔ آپ نے مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے ساتھ تفصیلی ملاقات کی۔ بعد میں آپ نے دار العلوم حقانیہ کا تفصیلی دورہ کیا اور کئی اساتذہ اور طلباء سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ ملاقات مہتمم صاحب مدظلہ کی رہائش گاہ پر ہوئی۔

برطانوی سفارتکار کی دار العلوم آمد :۔ ۷ اپریل بروز جمعہ انگلینڈ ہائی کمیشن کے کونسلر رچرڈ جانسن سکوئر دار العلوم تشریف لائے اور آپ نے مولانا مدظلہ سے ملکی اور عالمی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ دورانِ گفتگو مسئلہ کشمیر، کلنٹن کی پاکستان آمد، تحریک طالبان اور شمالی اتحاد کے درمیان ہونے والے مذاکرات، دینی مدارس اور ان کا کردار جیسے اہم موضوعات پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ مولانا مدظلہ نے ان پر زور دیا کہ برطانیہ نے ہی مسئلہ کشمیر کو ادھورا اور معلق چھوڑ رکھا ہے۔ اور اب یہ برطانیہ کا فرض بنتا ہے کہ وہ اس پرانے حل طلب مسئلہ پر خصوصی توجہ دے۔

سابق وزیر اعظم جناب غلام مصطفیٰ جتوئی کی تشریف آوری گزشتہ ہفتے معروف سیاسی رہنما اور سابق وزیر اعظم پاکستان جناب غلام مصطفیٰ جتوئی صاحب حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے ملاقات کیلئے دار العلوم تشریف لائے۔ آپ نے ملک کی سیاسی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی۔

جاپانی ٹیلیویژن NHK کے ڈائریکٹر کی دار العلوم آمد جاپان کے مرکزی ٹیلی ویژن کے ڈائریکٹر Yuichiro ISHII حضرت مولانا مدظلہ سے ملاقات اور دار العلوم حقانیہ دیکھنے کیلئے تشریف لائے۔ آپ کے ہمراہ نیشنل اخبار کے کالمسٹ نفیس ٹکر بھی تھے۔ آپ نے مولانا مدظلہ کا تفصیلی انٹرویو ریکاڈ کیا جس میں افغانستان پاکستان کی سیاسی صورتحال اور اسلام کے بارے میں سوالات کئے گئے۔ بعد میں آپ نے دار العلوم کے مختلف حصوں کی فلم بندی کی۔

نیویارک ٹائمز سنڈے میگزین کے انچارج کی دار العلوم آمد دنیا کے کثیر الاشاعتی اخبار نیویارک